# محرم کے بغیر بیرون ملک شوہر کے پاس جانا

**مجیب:** مولانا محمد سعید عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3787

**تاریخ اجراء:** 26 شوال المکرم 1446ھ / 25 اپریل 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

اگر شوہر ملک سے باہر ہو اور بیوی اپنے ملک سے اس کے پاس جانا چاہے لیکن کوئی محرم ساتھ جانے کے لیے نہ ہو تو کیا وہ تنہا جا سکتی ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں بیوی بغیر محرم سفر نہیں کر سکتی، کیونکہ کسی بھی عورت کے لئے شرعی مسافت یعنی تین دن کی راہ (تقریباً 92 کلو میٹر) کا سفر بغیر محرم / شوہر کے کرنا، ناجائز و گناہ ہے، لہٰذا یا تو شوہر خود آکر بیوی کو ساتھ لے جائے یا بیوی کسی محرم کو ساتھ لے کر جائے۔

صحیح بخاری میں ہے "قال النبي صلى الله عليه وسلم: لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم، ولا يدخل عليها رجل إلا ومعها محرم، فقال رجل: يا رسول الله إني أريد أن أخرج في جيش كذا وكذا وامرأتي تريد الحج، فقال: اخرج معها" ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت بغیر محرم کے سفر نہ کرے اور محرم کی غیر موجودگی میں کوئی اس کے پاس نہ آئے، ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ (عزوجل وصلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم)! میں فلاں فلاں لشکر میں جانا چاہتا ہوں اور میری عورت حج کرنا چاہتی ہے، تو آپ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی عورت کے ساتھ جاؤ۔ (صحیح البخاری، رقم الحدیث 1862، ج 3، ص 19، دار طوق النجاۃ)

صحیح مسلم میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر، أن تسافر سفرا يكون ثلاثة أيام فصاعدا، إلا ومعها أبوها، أو ابنها، أو زوجها، أو أخوها، أو ذو محرم منها" ترجمہ: جو عورت اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہے، اس

کے لیے تین دن یا اس سے زیادہ کا سفر کرنا حلال نہیں، مگر یہ کہ اس کے ساتھ اس کا باپ، بیٹا، شوہر، بھائی یا اس عورت کا کوئی محرم ہو۔ (صحیح مسلم، رقم الحدیث 1340، ج2، ص977، دار إحیاء التراث العربي، بیروت)

فتاوی رضویہ میں ہے "عورت اگرچہ عفیفہ یا ضعیفہ ہو، اسے بے شوہر یا محرم سفر کو جانا، حرام ہے۔۔۔ اگر چلی جائے گی گنہگار ہو گی ہر قدم پر گناہ لکھا جائے گا۔" (فتاویٰ رضویہ، جلد10، صفحہ706، 707، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net